# قرآن پڑھنا سیکھیئے

## خبردار

یہ کتاب مفت تقسیم کے لئے ہے اس کی خرید و فروخت
کرنے والے گناہ گار ہوں گے۔

مرتبہ
مصباح الحق
پی ای سی ایچ ایس کراچی

Marfat.com

Ghulam Shabbir Bhatti

04931-726550

# سلام کرنے کے احکام و آداب

حسبِ ذیل امور و حالات میں مشغول شخص کو سلام کرنا مکروہ ہے اور کوئی شخص ایسی حالت میں اس کو سلام کرے تو ایسے شخص پر اس کا جواب دینا واجب نہیں۔

(۱) حالت نماز میں
(۲) حالت ذکر میں
(۳) حالت خطبہ میں
(۴) حالت درس و تدریس میں
(۵) حالت تلاوت میں
(۶) حالت اذان میں
(۷) حالت اقامت میں
(۸) حالت دعا میں
(۹) حالت تسبیح میں
(۱۰) مسائل شرعیہ کے مذاکرہ اور تحقیق کے دوران
(۱۱) فیصلے کے دوران (قاضی کو)
(۱۲) کسی کے کھانے پینے کے دوران
(۱۳) اجنبی عورت کو
(۱۴) برہنہ شخص کو
(۱۵) تلبیہ (لبیک اللھم لبیک) پڑھنے کی حالت میں
(۱۶) حالت امامت میں
(۱۷) قضاء حاجت کے دوران
(۱۸) حمام میں
(۱۹) حالت وعظ میں
(۲۰) مسجد میں نماز کے انتظار میں بیٹھنے والوں کو۔

نیز درج ذیل لوگوں کو بھی سلام کرنا مکروہ ہے۔ اور اگر یہ لوگ کسی کو سلام کریں تو ان کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں۔

(۱) علی الاعلان فسق و فجور میں مبتلا شخص
(۲) بھیک مانگنے والا
(۳) غیبت کا عادی
(۴) سود لینے والا
(۵) شطرنج اور جوا کھیلنے والا
(۶) گانے بجانے والا
(۷) کبوتر باز
(۸) پاگل
(۹) لوگوں کو گھورنے والا
(۱۰) گالی بکنے والا
(۱۱) بات بات پر جھوٹ بولنے والا
(۱۲) شرابی
(۱۳) زندیق
(۱۴) کافر

(از رد المحتار علی الدر المختار (شامی) ج ۔ ۵۔ ص ۴۱۴، ۴۱۵)

Marfat.com

Zeeshan Shahzad Bhatti

یہ کتاب مفت تقسیم ہوتی ہے

# قرآن پڑھنا سیکھیے

## درخواست

کتاب پڑھنے کے بعد کسی خواہشمند کو
پڑھنے کے لئے دے دیجئے یا
تقسیم کنندہ گان کو واپس لوٹا دیجئے
تاکہ زیادہ لوگ مستفید ہوسکیں
اس کار خیر میں تعاون کیلئے
نعیم فون نمبر: 0303-7373923
یا
امتیاز فون نمبر 584638 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

Marfat.com

# یہ کتاب برائے فروخت نہیں ہے

## تقسیم کنندہ گان

**سیور فوڈز**
گارڈن کالج روڈ راولپنڈی
فون نمبر 531923-532556-7-8

**فریسکو سویٹس**
K-31 مری روڈ راولپنڈی
فون نمبر 551003-555909
مل ویو پلازہ (بالمقابل سوری پارک ہوٹل) جناح ایونیو۔ بلیو ایریا اسلام آباد
فون نمبر 279271-279705

**جمیل سویٹس**
مجید پلازہ بینک روڈ راولپنڈی فون نمبر 567091
شالیمار پلازہ۔ جناح ایونیو ویسٹ۔ بلیو ایریا اسلام آباد فون نمبر 828855-567091

**عبدالحمید**
32 گراؤنڈ فلور مال پلازہ راولپنڈی
فون نمبر 517001-580795

**منیر احمد جنجوعہ**
153 راوی روڈ راوی پارک لاہور
فون نمبر 042-201855

**محمد رضا جنجوعہ**
957/A-2 التمش روڈ۔ ڈھیری حسن آباد راولپنڈی
فون نمبر 582996

**راجہ منظور الحق**
(ایڈووکیٹ ہائی کورٹ) راجپوت ہاؤس۔ اڈمس روڈ نمبر 2 طارق آباد۔ راولپنڈی
فون نمبر 73227-552342-521013-521948

**شیخ فراز فضل**
(مشیر اکم ٹیکس) ثمر پلازہ۔ چاندنی چوک راولپنڈی
فون نمبر 453303-840722

Marfat.com

چوہدری محمد نواز
گلی نمبر 4 کوثر کالونی ڈھوک چراغدین راولپنڈی
فون نمبر 518792

مرزا محمد ریاض
301/D لین نمبر 2 پشاور روڈ راولپنڈی
فون نمبر 584510-567685

بابو شیخ محمد افضل اینڈ برادرز
خرم فلور اینڈ جنرل ملز ویسٹریج راولپنڈی
فون نمبر 474956-860955

حاجی وزیر محمد
دہلی کریانہ سٹور صدر بازار راولپنڈی
فون نمبر 582742-563305

حاجی غلام رسول
الطیف کیمسٹ چاندنی چوک راولپنڈی
فون نمبر 416088-421691

شاہین ہومیو
سپر مارکیٹ اسلام آباد
فون نمبر 214808-812842-824759

بیسٹ پرائس شاپنگ سنٹر
بلاک نمبر 7، مرکز F-6 سپر مارکیٹ اسلام آباد
فون نمبر 270062-270063

چوہدری محمد نسیم
46/F-3 لالہ زار کالونی راولپنڈی
فون نمبر 513287-513690

امتیاز حسین ملک
CB-183 لین نمبر 3، پشاور روڈ راولپنڈی
فون نمبر 584638


Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

یہ کتاب کچھ عرصہ پہلے دو حصوں میں چھاپی گئی تھی۔ اب دونوں حصوں کو ملاکر اضافہ اور ترمیم کے ساتھ نئی شکل میں پیش کی جارہی ہے۔

اس کتاب میں اردو کی مدد سے قرآن پڑھنا سکھایا گیا ہے یہ کتاب ان بالغوں کے لیے بہت مفید ہے جنہوں نے بچپن میں قرآن نہیں پڑھا، یا پڑھ کر بھول گئے ہیں۔ مدرسوں کے طالب علم بھی جو اُردو پڑھنا جانتے ہیں اس کتاب سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

موجودہ دور میں دُنیا میں تعلیم کا دائرہ بہت وسیع ہوا ہے۔ مغرب میں تقریباً ہر مضمون کی کتابیں TEACH YOURSELF کی بنیاد پر لکھی گئی ہیں جن کے وسیلے سے طالب علم بغیر کسی استاد کی مدد کے اس مضمون میں دسترس حاصل کر سکتا ہے۔ یہ کتاب اسی سمت ایک کوشش ہے۔

اس قسم کی کتاب کی ضرورت اس لیے محسوس کی گئی کہ بہت سے بالغ ایسے ہیں جو قرآن پڑھنا سیکھنا چاہتے ہیں۔ لیکن یا تو اُستاد ملنے میں مشکل پیش آتی ہے یا پھر وہ استاد پرانے طریقے سے پڑھاتا ہے جس کے لیے کئی سال



Marfat.com

درکار ہوتے ہیں اور ایک بالغ جس پر بہت سی ذمہ داریاں ہوتی ہیں اتنا وقت نہیں نکال سکتا۔

عربی عبارت کے نیچے اردو میں تلفّظ دیا ہوا ہے۔ اس کی مدد سے عربی الفاظ کو پڑھیے۔ جن لفظوں کے نیچے خط لگائے گئے ہیں ان پر خاص توجہ دیجیے۔

پھر اُردو کو کاغذ سے ڈھانپ لیجیے اور اردو کی مدد کے بغیر عربی الفاظ پڑھیے۔ پھر کاغذ ہٹا کر دیکھیے اور مقابلہ کیجیے کہ آپ نے صحیح پڑھا ہے یا نہیں۔

کتاب کے آخری حصّے میں ایک مکمل امتحان دیا ہوا ہے۔ اسی طریقے سے اردو کو ڈھانپ کر اپنا امتحان لیجیے۔ اگر کہیں غلطی ہو تو اس قاعدے کی مشق کیجیے جس میں غلطی ہوتی ہو۔

دُعاگو

مصباح الحق

K-85 بلاک 2 پی، ای، سی، ایچ، ایس
کراچی



Marfat.com

# پہلا سبق (۱) حروف

عربی میں انتیس ۲۹ حروف ہیں۔ آپ اُن سے خوب واقف ہیں۔ کیونکہ یہ سب حروف اردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ ان حروف کے نام بھی وہی ہیں سوائے اس کے کہ اردو میں جن حروف کے نام ہم "ے" سے لیتے ہیں عربی میں انہیں "الف" سے ادا کرتے ہیں مثلاً ب کو اردو میں "بے" اور عربی میں "با" پڑھتے ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا<br>الف | ب<br>با | ت<br>تا | ث<br>ثا | ج<br>جیم | ح<br>حا |
| خ<br>خا | د<br>دال | ذ<br>ذال | ر<br>را | ز<br>زا | س<br>سین |
| ش<br>شین | ص<br>صاد | ض<br>ضاد | ط<br>طا | ظ<br>ظا | ع<br>عین |
| غ<br>غین | ف<br>فا | ق<br>قاف | ک<br>کاف | ل<br>لام | م<br>میم |
| ن<br>نون | و<br>واؤ | ہ<br>ھا | ء<br>ہمزہ | ی<br>یا | |



Marfat.com

**۲۔ تلفّظ:** ہر ملک کے لوگ چاہے وہ انگریز ہوں یا عرب اپنے حروف کا تلفظ ایک خاص طریقے سے ادا کرتے ہیں۔ قرآن کی تلاوت میں بھی جہاں تک ہوسکے عربوں کا تلفظ اختیار کرنا چاہیے۔ لیکن عربوں کا تلفظ زمانے کے ساتھ ساتھ بدلتا رہتا ہے اس لیے دستور یہ ہے کہ قرآت کے امام جو گزرے ہیں۔ ان کی روایت کو قائم رکھا جائے۔ ایسے دس امام مستند ہیں اور ہر ایک کے دو راوی ہیں۔ اس طرح قرآت کی بیس قسمیں مستند مانی جاتی ہیں۔ اس سے قرآت کے فن کی وسعت کا اندازہ ہوسکتا ہے جس کو خدا توفیق دے وہ ان میں سے کسی ایک روایت پر قرآت کی تعلیم حاصل کر کے قاری بن سکتا ہے۔

ہر مسلمان کے لیے تلاوت ضروری ہے۔ قاری بننے کے لیے نہ تو اس کے پاس وقت ہے اور نہ اتنے استاد قاری موجود ہیں۔ جو کروڑوں آدمیوں کو تعلیم دے سکیں۔ اس لیے ہماری کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ کسی فنی معاملے کو بناوٹ بناتے بغیر خدا کے کلام کی تلاوت کی سعادت حاصل کرتے رہیں۔ تلفظ کے معاملے میں ان ذرائع سے مدد لیں۔

(۱) جماعت سے نماز پڑھتے وقت امام کی تلاوت پر توجہ دیں۔

(۲) ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگراموں سے فائدہ اٹھائیں۔



Marfat.com

# ۳۔ حُروف کی مختلف شکلیں

عربی کے سب حروف وہی ہیں جو اردو میں ہیں۔ لیکن کچھ حروف بعض حالتوں میں مختلف شکل بھی اختیار کر لیتے ہیں۔

---

**د**

الگ لکھی ہوئی د اُردو کی طرح ہوتی ہے
ملی ہوئی د آگے سے مُڑی ہوئی ہوتی ہے۔

**دعوت عبد**

---

**ر**

الگ لکھا ہوا ر دُوطرح کا ہوتا ہے۔
ملا ہوا ر بھی دُوطرح کا ہوتا ہے۔

**راحت راحت عرض شرط**

---

**ک**

اگر ک کسی لفظ کے آخر میں آئے تو اس کی شکل مختلف ہوتی ہے۔

| عربی میں | اردو میں |
|---|---|
| **مالك** | **مالک** |



Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| لا | اِسے یوں بھی لکھتے ہیں | ﻻ |
| لاٗ | حصّہ نمبر ۱ کو 'ل' مانا جاتا ہے۔<br>حصّہ نمبر ۲ کو 'الف' مانا جاتا ہے۔ | |
| م | اِسے یوں بھی لکھتے ہیں | ﻤ |
| ہ | اردو میں ب اور ہ کو ملاتے ہیں :<br>عربی میں لکھیں گے : | بہ<br>بہ |

لفظ کے بیچ میں یا شروع میں ہ یہ شکلیں اختیار کر سکتی ہے :

هُمْ (ہم)  يَبْهَمْ (ب ہم)  لَهُمْ (ل ہم)

| | | |
|---|---|---|
| ت | اگر گول ہ پر دو نقطے لگ جائیں تو<br>یہ ت کی آواز دے گی :<br>آيَة (آیت) | ة |
| ی | اِسے بڑی ے" کی شکل میں بھی لکھتے ہیں۔<br>عربی میں بڑی ے کی کوئی الگ آواز نہیں۔<br>دونوں طرح کی "ی" چھوٹی "ی" کی آواز دیتی ہے۔ | |

Marfat.com

**۲۔ زیر :** زیر حرف کے نیچے لگتا ہے۔
سِ لِ
ی کی آواز کو چھوٹا کرنے سے زیر کی آواز نکلتی ہے۔
لی ۔۔ لمبی آواز لِ چھوٹی آواز
عربی میں بڑی ے کی آواز نہیں ہے۔ اِس لئے زیر لگاتے وقت لی کی آواز کو چھوٹا کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| اِبِلِ | اَذِنَ | وَلِیَ |
| اِ بِ لِ | اَ ذِ نَ | وَ لِ یَ |

---

**۳۔ پیش :** پیش حرف کے اوپر لگتا ہے۔
رُ سُ
"و" کی آواز کو چھوٹا کرنے سے پیش کی آواز نکلتی ہے۔
مُو ۔۔ لمبی آواز مُ چھوٹی آواز
پیش کی آواز کو "و" کی طرح کھینچنا نہیں چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| خُذُ | رُسُلُ | قُتِلَ |
| خُ ذُ | رُ سُ لُ | قُ تِ لَ |



Marfat.com

# ۴۔ اعراب

ا　اعراب زبر، زیر، پیش وغیرہ علامتوں کو کہتے ہیں۔
اُردو میں ہم سب حرفوں پر اعراب نہیں لگاتے۔ لیکن قرآن میں تمام حروف پر اعراب ہوتے ہیں۔ اس لئے بہت آسانی ہوتی ہے

زبر　زبر حرف کے اوپر لگتا ہے۔

جَ　بَ

الف کی آواز کو چھوٹا کرنے سے زبر کی آواز نکلتی ہے۔

جا۔ لمبی آواز　جَ چھوٹی آواز

زبر کی آواز کو الف کی طرح کھینچنا نہیں چاہیئے۔
بَجَا کو باجا پڑھیں تو غلط ہوگا۔

تَرَ　شَجَرَ　خَطَبَ

تَ رَ　شَ جَ رَ　خَ طَ بَ

---

فَعَلَ　قَدَرَ　كَسَبَ

فَ عَ لَ　قَ دَ رَ　كَ سَ بَ



Marfat.com

## ۵۔ ایک حرفی ٹکڑے :

ہم نے ابھی تک جن لفظوں کو پڑھا۔ ان میں ہر حرف پر کوئی نہ کوئی حرکت یعنی زبر، زیر، پیش تھا۔ ایسے سب حرف الگ الگ رہتے ہیں۔ اس طرح لفظ ایک ایک حرف والے ٹکڑوں میں تقسیم ہو جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| سَمِعَ | فَلَقِ | رَجُلُ |
| سَ مِ عَ | فَ لَ قِ | رَ جُ لُ |
| اَحَدُ | خُلِقَ | تَذَرُ |
| اَ حَ دُ | خُ لِ قَ | تَ ذَ رُ |
| بَقَرِ | عَمِلَ | قُتِلَ |
| بَ قَ رِ | عَ مِ لَ | قُ تِ لَ |
| كُتُبُ | خَشِیَ | مَلِكْ |
| كُ تُ بُ | خَ شِ یَ | مَ لِ كَ |



Marfat.com

## ۶۔ دُو حرفی ٹکڑے:

اگر کسی حرف پر 'جزم' کا نشان ہو تو وہ اپنے سے پہلے حرف سے مل کر دُو حرفی ٹکڑا بنا تا ہے۔

جَزم کا نشان چھوٹی سی 'دال' کی طرح ہوتا ہے۔

لَمْ (ل پر زبر ہے اور م پر جَزم ہے۔ پس ل اور م مل جائیں گے۔

لَمْ مِنْ قُلْ

لَمْ مِنْ قُلْ

كُمْ قَدْ هِمْ

كُمْ قَدْ هِمْ

صَلْ طِبْ لَكْ عِنْ

ذُبْ نَكْ جِدْ ظُلْ

مَعْ غِلْ مُرْ تَدْ



Marfat.com

اب آپ کو ۲ دو حرفی ٹکڑے پڑھنے آ گئے۔ ان کی مدد
سے نیچے دیئے ہوئے الفاظ پڑھیے:

| | | |
|---|---|---|
| غُرْبَتْ | بِدْعَتْ | مَرْقَدْ |
| غُرْ بَتْ | بِدْ عَتْ | مَرْ قَدْ |
| قُرْبَتْ | خِدْمَتْ | مَرْكَزْ |
| قُرْ بَتْ | خِدْ مَتْ | مَرْ كَزْ |
| مِدْحَتْ | صَدْمَهْ | عَرْفَهْ |
| مِدْ حَتْ | صَدْ مَهْ | عَرْ فَهْ |
| اِرْحَمْ | يُوْلَدْ | اِرْجِعْ |
| اِرْ حَمْ | يُوْ لَدْ | اِرْ جِعْ |
| نَزْلَهْ | مُدْغَمْ | فُرْقَتْ |
| نَزْ لَهْ | مُدْ غَمْ | فُرْ قَتْ |



Marfat.com

# ۷۔ ٹکڑے کرنا

اب آپ ایک حرفی اور دو حرفی ٹکڑوں کو پہچان گئے۔
کسی حرف کی آواز نکالنے سے پہلے اُس سے اگلے حرف پر نظر ڈالو۔

(۱) اگر اس سے اگلے حرف پر جزم ہے تو یہ پہلے حرف سے ملے گا اور دو حرفی ٹکڑا ہو جائے گا۔

**قُلْتَ**: ق سے اگلے حرف پر جزم ہے پس ' ق ' اور ' ل ' ملیں گے اسے پڑھیں گے قُلْ تَ۔

(۲) اگر ہم کسی حرف کو بولنا چاہیں اور اس سے اگلے حرف پر جزم نہیں ہے بلکہ اپنی کوئی حرکت ہے تو ظاہر ہے کہ یہ حرف نہیں مل سکتا۔ پس پہلا حرف ایک حرفی ٹکڑے کی طرح پڑھا جائے گا۔

**لَكُمْ**: لَ سے اگلے حرف پر جزم نہیں ہے۔ پس یہ لَ سے نہیں مل سکتا اور پہلا ٹکڑا ہوگا: لَ

اب کُ سے اگلے حرف "م" پر جزم ہے۔ پس کُ اور م ملیں گے: کُمْ (لَ کُمْ)



Marfat.com

لفظ چھوٹا ہو یا بڑا۔ اس کو ٹکڑوں میں پڑھنا چاہیے:۔

فَقُلْ بِسْمِ لِمَنْ

فَ قُلْ بِسْ مِ لِ مَنْ

ضِعْفُ تَكُنْ فَلَكُمْ

ضِعْ فُ تَ كُنْ فَ لَ كُمْ

رَحْمَةَ اَعْلَمُ نَعْبُدُ

رَحْ مَ تَ اَعْ لَ مُ نَعْ بُ دُ

اُنْزِلَ اَنْعَمْتَ شَجَرَةِ

اُنْ زِ لَ اَنْ عَمْ تَ شَ جَ رَ تِ

بِحَمْدِكَ كَعَصْفِ

بِ حَمْ دِ كَ كَ عَصْ فِ



Marfat.com

اب تک آپ کی آسانی کے لئے لفظوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے دکھایا گیا ہے۔ اب آپ اپنے دل میں ٹکڑے کیجئے:

کسی لفظ کو جلدی سے پورا ادا نہ کیجئے۔ اس میں غلطی ہونے کا ڈر ہے۔ ایک ایک ٹکڑے کو ٹھہر ٹھہر کر ادا کیجئے۔ لفظ کے ٹوٹنے کا فکر نہ کیجئے۔ تھوڑی مشق کے بعد روانی آجائے گی۔

## مشق نمبر ۱

| | | |
|---|---|---|
| خَبِیْرٌ | خَلَقْتَ | خَلَقْتُ |
| خَ بِیْ رٌ | خَ لَقْ تَ | خَ لَ قْتُ |
| اَکْمَلْتُ | مَلَکَتْ | لِلْکُتُبِ |
| اَکْ مَلْ تُ | مَ لَ کَتْ | لِلْ کُ تُ بِ |

اَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

اَنْ ذَرْ تَ هُمْ اَمْ لَمْ تُنْ ذِرْ هُمْ



Marfat.com

يَخْرُجُ اَخْرَجْتِ حُشِرَتْ

يَخْ رُ جُ اَخْ رَ جْ تِ حُ شِ رَتْ

اَنْقَضَ لَعْنَةٌ وَسَطْنَ

اَنْ قَ ضَ لَعْ نَ ةٌ وَ سَطْ نَ

يُوَسْوِسُ فَرَغْتَ يَحْسَبُ

يُ وَسْ وِ سُ فَ رَغْ تَ يَحْ سَ بُ

اَثْرَنَ نُتِحَتْ لِتُنْذِرَ

اَ ثْرَ نَ نُ تِ حَتْ لِ تُنْ ذِ رَ

اَهْلَكْتُ اِرْتَبْتُمْ جَعَلْتُمْ

اَهْ لَكْ تُ اِرْ تَبْ تُمْ جَ عَلْ تُمْ

اَلْحَمْدُ نَعْبُدُ سُطِحَتْ

اَلْ حَمْ دُ نَعْ بُ دُ سُ طِ حَتْ



Marfat.com

# دوسرا سبق۔ ا ء و ی

آپ نے دیکھا کہ عربی پڑھنے اور اُردو پڑھنے میں کوئی فرق نہیں۔ سب حروف اردو کی طرح مل رہے ہیں۔

ا و ی

یہ تینوں حروف اردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ لیکن ان کے بارے میں چند باتیں قابلِ توجہ ہیں:

## ۱۔ الف

زبر والا حرف الف سے ملے تو قاعدے کے مطابق الف پر جزم ہونا چاہیئے۔ لیکن جزم نہیں لگایا جاتا۔

مَا قَالَ جَعَلْنَا

مَا قَا لَ جَ عَلْ نَا

اگر الف پر جزم لگا دیا جائے تو جھٹکے سے آواز نکلے گی جیسے ہچکی آتی ہے۔ اس آواز کو ہم اردو اشارہ میں × سے ظاہر کریں گے

فَاْ اِقْرَاْ

فَ× اِق رَ×



Marfat.com

## ۲ - ہمزہ ء

الف اور ہمزہ ایک ہی آواز کی دو شکلیں ہیں۔ اگر کوئی حرف ء سے ملے۔ تو اسی طرح جھٹکے کی آواز پیدا ہوگی۔ جس طرح الف پر جزم لگانے سے پیدا ہوتی ہے۔

**شِئْتَ** **یَأْخُذُ**

شِ × تَ یَ × خُ ذُ

---

ہمزہ کسی حرف سے ملے تو الف کی آواز دیتا ہے۔ اسی لئے اگر الف کسی حرف سے ملے تو قاری اُس کو ہمزہ کہتے ہیں۔

**اِنْ** **ئِنْ**

الف نون زیر اِن ہمزہ نون زیر اِن

---

**جِئْتِ** **لَئِنْ** **یَأْمُرُ**

جِ × تِ لَ اِنْ یَ × مُ رُ



Marfat.com

# ۳۔ واؤ

اگر کوئی پیش والا حرف واؤ سے ملے تو عربی اور اردو دونوں میں ایک ہی آواز ہوتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| قَالُوْ | كَانُوْ | اَقْسِمُوْ |
| قا لُو | کا نُو | اَق سِ مُو |

اگر کوئی زبر والا حرف واؤ سے ملے تو عربی اور اُردو کی آوازوں میں فرق ہوتا ہے۔

سَوْ — اردو میں اس کو پڑھیں گے : سَو
عربی میں اس کو پڑھیں گے : ساؤ

| | | |
|---|---|---|
| يَوْمَ | قَوْمِ | لَوْكَانَ |
| یاؤ مَ | قاؤ مِ | لاؤ کا نَ |
| تَوْبَةُ | فَوْقَهُمْ | نَادَوْ |
| تاؤ بَ تُ | فاؤ قَ ھُم | نا داؤ |



Marfat.com

# ۴ ۔ ی

عربی میں چھوٹی 'ی' اور بڑی 'ے' کی آواز میں کوئی فرق نہیں ۔ صرف چھوٹی 'ی' کی آواز نکلتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِیْ | فِےْ | لَذِیْ | لَذِےْ |
| فِی | فِی | لَ ذِی | لَ ذِی |

اگر کوئی زبر والا حرف 'ی' سے ملے تو عربی اور اردو کی آوازوں میں فرق ہوتا ہے۔

کَے — اردو میں اس کو پڑھیں گے : کے
عربی میں اس کو پڑھیں گے : کائ

| | | |
|---|---|---|
| کَیْفَ | خَیْرٌ | بِغَیْرِ |
| کائ فَ | خائ رٌ | بِ غائ رِ |

| | | |
|---|---|---|
| عَلَیْهِ | اِلَیْکُمْ | اَیْدِیْهِمْ |
| عَ لائ هِ | اِ لائ کُم | آئ دِی هِم |



Marfat.com

# ۵ ـــــ دوسرے سبق کا خلاصہ

۱۔ دو حرفوں کو ملانے کے لئے جزم ضروری ہے۔ لیکن الف سے ملنے کے لئے جزم نہیں لگتا۔

جَدْ جَا لَمْ لَا

جَدْ جَا لَمْ لَا

۲۔ اگر الف پر جزم لگ جائے تو جھٹکے کی آواز پیدا ہوگی۔

يَأْتِكَ اِقْرَاْ

یَ × تِ کَ اِق رَ ×

۳۔ اسی طرح اگر ہمزہ (ء) پر جزم لگ جائے تو جھٹکے کی آواز پیدا ہوگی

بِئْسَ جِئْتِ

بِ × سَ جِ × تِ



Marfat.com

۴۔ زبر والا حرف "و" سے ملے تو اُردو سے مختلف آوازِ نکلتی ہے :۔

قَوْلُ فَوْقَهُمْ

قَاؤُ لُ فَاؤْ قَ هُمْ

---

۵۔ زبر والا حرف "ی" سے ملے تو اُردو سے مختلف آواز نکلتی ہے :۔

كَيْفَ يَدَيْ

كائِ فَ يَ دائِ

عربی میں بڑی ی سے بھی چھوٹی ی کی آواز دیتی ہے۔

---

اِذَا اِقْرَاْ شِئْتَ

اِ ذَا اِق رَ× شِ× تَ

---

لَوْلَاكَ بَيْنَ لَذِيْ

لاؤ لا کَ بائِ نَ لَ ذِی



Marfat.com

# مشق نمبر ۲

| | |
|---|---|
| اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ<br>اَن عَم تَ عَ لَائ هِم | وَلَسَوْفَ<br>وَ لَ سَاؤْ فَ |

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ
لَم يَ لِد وَ لَم يُوْ لَد

| | |
|---|---|
| اَلَمْ تَرَكَيْفَ<br>اَلَم تَ رَ كَائ فَ | اِهْتَدَوْ<br>اِہ تَ دَاؤْ |

وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا
وَ اَ رِ نَا مَ نَا سِ كَ نَا وَ تُب عَ لَائ نَا

| | |
|---|---|
| مَالَمْ يَاْتِكَ<br>مَا لَم يَ× تِ كَ | وَلَبِئْسَ<br>وَ لَ بِ× سَ |



Marfat.com

اُردو کی عبارت میں جن لفظوں کے نیچے خط کھینچے گئے ہیں اُن پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

| | |
|---|---|
| جَعَلْنَا مُسْلِمِیْنَ<br>جَ عَلْ نَا مُسْ لِ مِائی نَ | لَوْ كَانُوْ<br>لاؤ کا نُو |

فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ
فَ لَمْ یَ كُ يَنْ فَ عُ هُمْ اِی مَا نُ هُمْ

| | |
|---|---|
| كَيْفَ خُلِقَتْ<br>کائی فَ خُ لِ قَتْ | تَوَاصَوْ<br>تَ وَا صَاؤ |

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ
فَ لَا يَحْ زُنْ كَ قَاؤ لُ هُمْ

| | |
|---|---|
| لَقَدْ اُوْحِیَ اِلَیْكَ<br>لَ قَدْ اُوْ حِ یَ اِلائی كَ | بَأْسَكُمْ<br>بَ x سَ كُمْ |



Marfat.com

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

بَلْ اَکْ ثَ رُ هُمْ لَا يَعْ لَ مُوْ نَ

---

فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ

فَ اَ شَا رَتْ اِ لَائْ هِ

اَوْحَيْنَا

اَوْ حَائْ نَا

---

وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ

وَ لَ ئِنْ صَ بَرْ تُمْ لَ هُ وَ خَائْ رٌ

---

يَوْمَ يَأْتُوْنَنَا

يَاوْ مَ يَ x تُوْ نَ نَا

شِئْتَ

شِ x تَ

---

لَا رَيْبَ فِيْهِ

لَا رَائْ بَ فِیْ هِ

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ

اَلْ يَاوْ مَ نَخْ تِ مُ

---

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ



Marfat.com

# تیسرا۳ سبق ۔ خالی حروف

اُردو میں عربی کے کئی الفاظ روزمرہ استعمال ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر نیچے ایک لفظ دیا ہوا ہے :

## بالکل

اُردو کے قاعدے سے اِس لفظ کا تلفظ ہونا چاہیئے "بال کُل" لیکن ہم اسے عربی کے اصول کے مطابق پڑھتے ہیں " بِل کُل"، کیونکہ عربی میں اس لفظ کو اس طرح لکھتے ہیں :

## بِالْكُلْ

عربی کا ضروری قاعدہ ہے کہ :

اگر کسی حرف پر کوئی اعراب نہ ہو یعنی وہ بالکل خالی ہو، تو وہ حرف خاموش رہے گا۔ ایسا سمجھئے کہ وہ حرف ہے ہی نہیں۔

یہاں الف خالی ہے اِس لئے "ب" سیدھی "ل" سے مِل جائے گی۔ ب ل زیر بِل



Marfat.com

نیچے دیئے ہوئے الفاظ میں بھی خالی حروف ہیں ہم ان کو چھوڑ دیتے ہیں :-

# فِی الْفَوْرِ    بِالْجَبْرِ

فِل فَوْ رِ    بِل جَب رِ

---

یہ قاعدہ صرف ایک صورت میں نہیں لگتا :

جیسے مَا جَا لَا وغیرہ

یہاں الف خالی ہے لیکن آواز دیتا ہے۔

لیکن اگر اگلے حروف پر جزم ہو تو یہ الف بھی خاموش ہوگا۔ جیسے :

# فَاعْدِلُوْ

فَع دِ لُو

۱۔ معمولی حالات میں ف الف زبر "فا" پڑھا جاتا۔

۲۔ لیکن یہاں اگلے حرف "عین" پر جزم ہے تو "ف" براہِ راست "ع" سے مِل جائے گا۔

خالی الف کو پڑھتے وقت دونوں باتیں سامنے رکھیں



Marfat.com

| | |
|---|---|
| لَارَیْبَ<br>لا رائ بَ | فَاصْبِرُوْ<br>فص بِ رُد |
| صِرَاطَ<br>صِ را طَ | وَادْخُلِیْ<br>ود خُ لِ |

الف کے علاوہ اگر 'ی'، 'و'، 'ل'، خالی ہوں تو ان حروف کو بھی ایسا سمجھا جائے کہ گویا ہیں ہی نہیں۔ جیسے

| | |
|---|---|
| بِالْغَیْبِ<br>بِل غائ بِ | مِنَ الْاَجْدَاثِ<br>مِ نَل اَج دا ثِ |
| فِی الْفُلْكِ<br>فِل فُل كِ | اِلَى الْاَذْقَانِ<br>اِلَل اَذ قا نِ |
| ذُوالْجَلَالِ<br>ذُل جَ لا لِ | يُؤْمِنُوْنَ<br>يُؤ x (واؤ خالی ہے) |



Marfat.com

## مشق نمبر ۳

| | |
|---|---|
| عَبْدُ الْحَقُّ | فِى الْفَوْرِ |
| عَب دُل حَق | فِل فَاوْ رِ |
| ذُوا لْعَصْفِ | وَادْخُلُوا الْبَابَ |
| ذُل عَص فِ | وَد خُ لُل بَا بَ |
| فِى الْاَرْضِ | فَاعْدِ لُوْ |
| فِل اَر ضِ | فَع دِ لُو |

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ

وَ اَ قِی مُل وَ زْ نَ بِل قِس طِ

فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ

فَ هِ یَ اِ لَل اَذ قَا نِ فَ هُم



Marfat.com

آپ کی مدد کے لئے تیر کے نشان لگائے گئے تھے۔
اب آپ خود خالی حرفوں کو چھوڑ کر پڑھیں:

لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ
لَا تُف سِ دُو فِل ار ضِ

---

لَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ
لَا تُخ سِ رُل مِی زَا نَ

---

فَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ
فَ وَا حِ شِ وَل بُہ تَا نِ وَل مَ عَا صِی

---

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
ذُل جَ لَا لِ وَل اِک رَا مِ

---

لَا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ
لَا تَط غَاوْ فِل مِی زَا نِ



Marfat.com

# چوتھا سبق ـ کچھ اور اعراب

۱۔ کھڑا زبر: یہ الف کی طرح سیدھا ہوتا ہے۔
یہ الف کی آواز دیتا ہے۔

کِتٰبَ سَلٰمُ اٰدَمَ

کِ تا بَ سَ لا مُ آ دَ مَ

۲۔ کھڑا زیر: یہ بھی سیدھا ہوتا ہے اور حرف کے نیچے لگتا ہے۔ یہ "ی" کی آواز دیتا ہے۔

بِہٖ ھٰذِہٖ الٰفِ

بِ ہِی ھا ذِ ہِی اِی لا فِ

۳۔ کھڑا پیش: یہ اس شکل کا ہوتا ہے: ٗ
یہ واؤ کی آواز دیتا ہے۔

لَہٗ عَبْدُہٗ نَفْسُہٗ

لَ ہُو عَب دُ ہُو نَف سُ ہُو



Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| عَلٰی | اِلٰی | عِیْسٰی |
| عَ لَا (ی خالی) | اِ لَا | عِی سَا |
| قُرْاٰنُ | ذٰلِكَ | اٰتٰكَ |
| قُ رْ آ نُ | ذَا لِ كَ | اَ تَا كَ |
| مِثْلِهٖ | دُوْنِهٖ | اٰيٰتِهٖ |
| مِث لِ ہِی | دُو نِ ہِی | آ یَا تِ ہِی |
| سٰحِرٌ | اَطْعَمَهٗ | كَذِبُهٗ |
| سَا حِ رُ | اَط عَ مَ ہُو | كَ ذِ بُ ہُو |
| بَعْدِهٖ | اِیْمَانَهٗ | یٰقَوْمِ |
| بَع دِ ہِی | اِی مَا نَ ہُو | یَا قَ و مِ |
| فَمَالَهٗ | اَصْحٰبُ | |
| فَ مَا لَ ہُو | اَص حَا بُ | |



Marfat.com

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ

ذَا لِ كَلْ كِ تَا بُ لَا رَائِ بَ فِيْ هِ

| | |
|---|---|
| فِى الْمُنٰفِقِيْنَ | بَأْسَهٗ عَنِ الْقَوْمِ |
| فِلْ مُ نَا فِ قِيْ نَ | بَا سَ هُوْ عَ نِلْ قَا وْ مِ |
| مِنْ اَهْلِهٖ | مَا اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ |
| مِنْ اَهْ لِ هِيْ | مَا اَغْ نَا عَنْ هُ مَا لُ هُوْ |

وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ

وَلْ مُ جَا هِ دُوْ نَ فِيْ سَ بِيْ لِ هِيْ

| | |
|---|---|
| اِلٰهِ مُوْسٰى | فِى الْحَيٰوةِ |
| اِلَا هِ مُوْ سَا | فِلْ حَ يَا تِ |

وَامْرَاَتُهٗ

وَمْ رَ اَ تُ هُوْ



Marfat.com

# ۴ - مَد

مَد اُردو میں بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً آج، آم
جس حرف پر مَد لگے اس کی آواز لمبی کھینچی جاتی ہے۔
مَد کی دو شکلیں ہوتی ہیں : ~ اور ~

| | | |
|---|---|---|
| شَآءَ | عَلَآ | قَالُوٓا |
| شا.... ءَ | عَ لا.... | قا لُو.... |
| شا لمبا کھنچا | لا لمبا کھنچا | لُو لمبا کھنچا |

قرآن کی بعض سورتوں کے شروع میں کچھ حروف آتے ہیں۔ ہم ان کو ملا کر نہیں پڑھتے بلکہ ان حروف کے نام پڑھتے ہیں۔ اگر کسی حرف پر مَد ہو تو آواز لمبی کھینچتے ہیں۔

الٓمّٓ پڑھیں گے : الف لا.... م | می.... م
ل اور م پر مَد ہے۔ اس لئے آواز لمبی ہوئی۔

حٰمٓ پڑھیں گے : حا | می.... م
م پر مَد ہے اس لئے آواز لمبی ہوئی۔

صٓ پڑھیں گے : صوا.... د



Marfat.com

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

قُلْ يَا اَهْ لَلْ كِ تَا بِ

| مَاجَآءَ هُمْ | وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ |
| --- | --- |
| مَا جَا... ءَ هُمْ | وَ هَبْ نَا لَ هُوْ... اِسْ حَا قَ |
| هُوَالَّذِیْٓ اَنْزَلَ | كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ |
| هُ وَلْ لَ ذِیْ... اَنْ زَلَ | كَا نُوْ... اِ ذَا قِیْ لَ لَ هُمْ |

هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ

هَا ذَا لَ هُوَلْ بَ لَا... ئُلْ مُ بِیْ نُ

جگہ نہ ہونے کی وجہ سے کھڑا الف لٰ سے ذرا ہٹ کر لگایا گیا ہے۔ کھڑے زبر پر مد بھی ہے اس لئے کھینچے گا۔

وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ

وَ قَ ضَا یْ نَا... اِ لَا بَ نِیْ... اِسْ رَا... ئِیْ لَ



Marfat.com

# مشق نمبر ۴

اَوْلِيَآءَ　اُولٰٓئِكَ　طَآئِفَةُ

آوْ لِ يَا...ءَ　اُ لَا...ءِ كَ　طَا...ءِ فَ تُ

خَلَقْنٰكُمْ　صٰلِحٰتِ　اَهْدٰى

خَ لَقْ نَا كُمْ　صَا لِ حَا تِ　اَهْ دَا

اَذَاعُوْبِهٖ　اِلٰفِ　اٰيَاتِهٖ

اَ ذَا عُوْ بِ ہِیْ　اِی لَا فِ　آ يَا تِ ہِیْ

عَبْدُهٗ　دَاوٗدَ　خَلَقَهٗ

عَب دُ ہُو　دَا وُو دَ　خَ لَ قَ ہُو

عٓسٓقٓ　طٰهٰ　يٰسٓ

عَائِی...ن/سِی...ن/قَا...ف　طَا/ھَا　يَا/سِی...ن



Marfat.com

مَلٰٓئِكَتِهٖ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ

مَ لا... ءِ کَ تِ ہی ذا لِ کَل کِ تا بُ

هٰٓـؤُلَآءِ فَوْقَ عِبَادِهٖ

ھا... ءُ لا... ءِ فا وُ قَ عِ با دِ ہی

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

یُ × مِ نُو نَ بِ ما... اُن زِ لَ اِ لا ئِ کَ

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ

وَ لا... اَن تُم عا بِ دُو نَ ما... اَع بُ دُ

مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ سَمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ما لَ ہُو... اَخ لَ دَ ہُو سَ ما وا تِ وَل اَر ضِ

بِيَمِيْنِهٖ

بِ یَ مِ یِن ہی



Marfat.com

| | |
|---|---|
| تُؤْ مِنُوْنَ | جَاۤئِ ءَ الف خالی ہے |
| بُتُ × (واؤ خالی ہے) | جی ـــ ءَ ج، ی سے ملے گا |

| | |
|---|---|
| ذٰلِكَ الْكِتٰبُ | وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ |
| ذَالِ كَلْ كِ تَابُ | وَ عَ لَا... اَبْ صَارِ هِمْ |

| | | |
|---|---|---|
| يَادَاوٗدَ | اِلْفِهِمْ | يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ |
| يَا دَا وٗدَ دَ | اِىْ لَا فِ هِمْ | يَا بَ نِىْ... آ دَ مَ |

| | | |
|---|---|---|
| صَلٰوةُ | صَلٰوةٌ | زَكٰوةٌ |
| صَ لَا تُ | صَ لَ وَا تُ | زَ كَا تُ |

| | |
|---|---|
| ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ | مِائَةَ |
| ذُلْ فَضْ لِلْ عَ ظِی مِ | مِ ءَ تَ |

| | | |
|---|---|---|
| بِهٖ | مَعَهٗ | بَعْدِهٖ |
| بِ ہِی | مَ عَ ہُو | بَعْ دِ ہِی |



Marfat.com

يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

يَ × أْمُ رُوْنَ بِلْ مَعْ رُوْفِ وَ يَنْ هَوْ نَ عَ نِلْ مُنْ كَ رِ

---

يَأْتُوْكُمْ مِنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ

يَ × تُوْ كُمْ مِنْ فَوْ رِ هِمْ هَا ذَا يُمْ دِدْ كُمْ

---

ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ

ثَ وَا بَلْ آ خِ رَ تِ نُ × (واؤ خالی) تِ ہِیْ

---

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى

يَا وْ مَ نَبْ طِ شُلْ بَطْ شَ تَلْ كُبْ رَا

---

حُسْنَيَيْنِ اَفَعَيِيْنَا

حُسْ نَ يَىْ نِ اَ فَ عَ يِيْ نَا

---

مُسْتَهْزِءُوْنَ سَيُنْغِضُوْنَ



Marfat.com

# پانچواں سبق ــــــ وقفہ

عربی میں جب کوئی جملہ ختم ہوتا ہے تو ایک نشان بنا دیا جاتا ہے : ○

اس کو آیت کہتے ہیں۔ جملہ ختم ہونے کے بعد وقفہ ضروری ہے۔ یعنی تھوڑا ٹھہرنا چاہیئے۔ بعض دفعہ آیت کے بیچ میں بھی ٹھہرنا ہوتا ہے۔ وقفے کے لئے نشان ہوتے ہیں۔ جن کا ذکر اگلے صفحوں میں آئے گا۔

قرآن شریف میں وقفہ کرنے کا طریقہ بنایا گیا ہے کہ آخری حرف کی حرکت یعنی زبر، زیر یا پیش کو اُڑا دیتے ہیں۔ تاکہ وہ حرف آگے نہ مل سکے، اور اس حرف کو پچھلے حروف سے ملانے کی کوشش کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| تَعْلَمُوْنَ ○<br>تَعْ لَ مُوْ ن | آخری حرف 'ن' پر زبر ہے۔ اس زبر کو اُڑا دیا۔ اور اس حرف کو پچھلے حروف سے ملا دیا۔ |
| آیت نہ ہو تو تَعْ لَ مُوْنَ | آیت ہو تو تَعْ لَ مُوْن |



Marfat.com

مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ○

مَا لَ ہُو... اَخ لَ دَہ

آخری ہ پر سے کھڑا پیش اُڑا دیا۔ دَہ

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ○

وَ مَا... اَد رَا كَ مَل عَ قَ بَہ

اگر ہ پر دو نقطے لگا کر ت بنایا گیا ہو تو آیت سے پہلے یہ نقطے اُڑ جاتے ہیں اور صرف ہ کی آواز نکلتی ہے۔

وَاِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ○

وَ اِ لَل اَر ضِ کَائِ فَ سُ طِ حَت

ت پہلے ہی ملا ہوا ہے۔ حَت۔ ایسا ہی رہے گا۔

صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ○

صُ حُ فِ اِب رَا هِی مَ وَ مُو سَا

ے خالی ہے اور سا مکمل ہے۔ پس 'سا' ہی رہے گا۔



Marfat.com

۱۔ مندرجۂ ذیل علامات پر وقفہ ضروری ہے :

○ ط م

| | |
|---|---|
| ○ | یہ پوری آیت کی نشانی ہے۔<br>یہاں وقفہ ضروری ہے۔ |
| ط یا ۞ | یہ وقفِ مطلق ہے۔<br>یہاں وقفہ ضروری ہے۔ |
| م | یہ وقفِ لازم ہے۔ وقفہ ضروری ہے ورنہ معنیٰ غلط ہو سکتے ہیں۔ |

۲۔ مندرجۂ ذیل علامت پر وقفہ اختیاری ہے۔

ج (یہ وقف جائز ہے)

| | |
|---|---|
| ج یا ج○ | وقفہ کرنا یا نہ کرنا آپ کی مرضی پر ہے۔ |
| قف | یہاں تھوڑا ٹھہر جانا چاہیئے۔ |

۳۔ نیچے دی ہوئی علامات پر وقفہ نہیں ہوتا۔

لا ز س ق ص وغیرہ



Marfat.com

اب مختلف علامات کی مثالیں دیکھئے :-

| | |
|---|---|
| وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ ط | وقفہ کرنا ہے ۔ لیکن آخری حرف پر پہلے ہی جزم ہے ۔ وَلَمْ يُوْلَدْ |
| نَسِيَ خَلْقَهٗ ط | وقفہ کرنا ہے ۔ ہ کا کھڑا پیش اڑ گیا ۔ نَ سِ یَ خَلْ قَہٗ |
| اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ م | وقف لازم ہے ۔ ت کے نقطے اور زیر اڑ جائیں گے ۔ اَص حابَل قَر یَہ |
| اَرْضُ الْمَيْتَةُ ج (وقفہ اختیاری) | اگر وقفہ نہ کریں تو :- اَر ضُل مَ تَ تُ اگر وقفہ کریں تو :- اَر ضُل مَ تَہ |
| رِزْقَهٗ لا فَيَقُوْلُ | لا پر وقفہ نہیں کرنا ہے ۔ رِزْ قَ ہُو فَ یَ قُو لُ |

ع ۝ یہاں رکوع ختم ہوتا ہے ۔ وقفہ کیا جائے گا ۔

اگر دو علامتیں ہوں مثلاً صلے ج تو اوپر کی علامت مانی جائے گی ۔

اس قاعدے کے مطابق ۝ صلے پر وقفہ نہیں ہونا چاہیئے ۔

لیکن بعض قاری ۝ صلے پر بھی وقفہ کر دیتے ہیں ۔



Marfat.com

آئیے! ذرا دُہرالیں :-

۱- ○ ط مـ پر وقفہ ضروری ہے۔

۲- ج پر وقفہ آپ کی مرضی پر ہے۔

۳- لا اور دیگر علامتوں پر وقفہ نہیں ہوتا۔

۴- وقفہ کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ آخری حرف پر سے حرکت ہٹا دیجئے اور اسے پچھلے حروف سے جوڑ دیجئے۔

۵- اگر آخری حرف "ہ" پر دو نقطے لگا کر "ت" بنایا گیا ہو تو یہ نقطے بھی اُڑ جائیں گے اور صرف "ہ" کی آواز نکلے گی۔

اَفْئِدَةٌ ○ اَف ءِ دَہ

۶- حرکت ہٹانے کے بعد بعض دفعہ آخری حرف پچھلے ٹکڑے سے آسانی سے نہیں جُڑتا۔ مثلاً عَنْهُ ط

"ہ" کا پیش اُڑا دیا۔ اسے عَنْ میں اِس طرح ملانا چاہیئے کہ "ہ" کی پیش کی آواز نہ آئے۔ عَنْ کے بعد صرف "ہ" کا اشارہ سا لگایا جائے۔

| | |
|---|---|
| وَالْفَتْحُ ط | فِى الْقَرْنِ ○ |
| وَل فَت حْ | فِل قَر نْ |



Marfat.com

# مشق نمبر ۵

| | |
|---|---|
| اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ○ | عَبۡدُهٗ وَرَسُوۡلُهٗ ط |
| اَ فَ لَا تَعۡ قِ لُوۡنَ | عَب دُ هُو وَ رَ سُو لُہٗ |
| لِيَرَوۡا اَعۡمَالَهُمۡ ○ ط | فَمَنۡ شَآءَ ذَكَرَهٗ ○ م |
| لِ یَ رَاؤ اَعۡ مَا لَ هُم | فَ مَنۡ شَا...ءَ ذَ کَ رَہٗ |

كَاتِبِيۡنَ ○ لا يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ○

كَا تِ بِیۡ نَ يَعۡ لَ مُوۡ نَ مَا تَفۡ عَ لُوۡنَ

اَلۡقَارِعَةُ ○ لا مَا الۡقَارِعَةُ ○ ج

اَلۡ قَا رِ عَ تُ مَلۡ قَا رِ عَہۡ

اَرَءَيۡتَ اِنۡ كَانَ عَلَى الۡهُدٰٓى ط

اَ رَ اَیۡ تَ اِنۡ كَا نَ عَ لَلۡ هُ دَا



Marfat.com

| | |
|---|---|
| فِی الْاَرْضِ ۝ | لَكَ الْحَمْدُ ط |
| فِس ار ضِ | لَ كَل حَمد |
| صَرْحٌ ج | وَاسْتَغْفِرْهُ ط |
| ح پر سے زبر ہٹایا لیکن صر میں ح نہیں ملتی پس صَرح | ہ پر سے پیش ہٹایا لیکن فِر میں ہ نہیں ملتی پس وَس تَغ فِرہ |

وَمَا اَدْرٰكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ ط

وَ ما اَد را كَ ما لائِ لَ تُل قد ر

وَجُنُوْدَهٗ لا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

وَ جُ نُو دَ ہُو (آیت نہیں) وَ ھُم لا یَش عُ رُون

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ۝ م

وَت لُ عَ لائِ ھِم نَ بَ اَ اِب را ہیم



Marfat.com

# چند ضروری باتیں

پانچ سبق پورے ہوئے۔ اس طرح آدھی کتاب ختم ہو گئی۔ ان سبقوں میں کچھ باتیں قابلِ توجہ ہیں جنہیں دہرانے کی ضرورت ہے:

## (ا) تلفّظ

ہر زبان میں الفاظ کا صحیح تلفّظ اہلِ زبان ہی ادا کر سکتے ہیں۔ کوشش کرنے سے ہم صحیح تلفّظ کے کافی قریب جا سکتے ہیں۔ تلفظ کتاب کی مدد سے نہیں سکھایا جا سکتا۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر اچھے قاری تلاوت کرتے رہتے ہیں۔ ان کو سُن کر اپنی بساط کے مطابق اپنی ادائیگی دُرست کر سکتے ہیں۔

مندرجہ ذیل حروف کی آواز خاص توجہ چاہتی ہے:

ع اور ح کی آوازیں گلے سے نکلتی ہیں۔

ض کی آواز عربی میں وہ نہیں جو اُردو میں ہے

اُردو میں ض کی آواز ز سے ملتی جلتی ہے

عربی میں ض کی آواز د سے ملتی جلتی ہے۔



Marfat.com

# اعراب (ii)

الف کی آواز کو چھوٹا کرنے سے زبر کی آواز بنتی ہے۔

بَجَا۔ بَ چھوٹی آواز جَا لمبی آواز

زبر کی آواز کو لمبا نہیں کرنا چاہیئے۔

بَجَا کو ہم باجا نہیں پڑھ سکتے۔

لَهَا كَمَا

لَ ھا (لاھا نہیں) کَ ما (کاما نہیں)

---

ی کی آواز کو چھوٹا کرنے سے زیر کی آواز بنتی ہے۔

زیر کی آواز کو لمبا نہیں کرنا چاہیئے۔

بِ ادا کرنے کے لئے بی کی آواز کو چھوٹا کیجئے۔

بِ کو "ب زیر بے" پڑھنا ٹھیک نہیں۔

عربی میں بڑی ے کی کوئی آواز نہیں ہے۔

اِبِلِ بِہٖ

اِ بِ لِ (چھوٹی آواز) بِ (چھوٹی) ہِی (لمبی)



Marfat.com

وٗ کی آواز کو چھوٹا کرنے سے پیش کی آواز بنتی ہے۔
پیش کی آواز کو لمبا نہیں کرنا چاہیے۔
بُ ادا کرنے کے لئے بُو کی آواز کو چھوٹا کیجیے۔
بُ کو "ب پیش بو" پڑھنا ٹھیک نہیں۔

هُوَ لُهٗ

هُ (چھوٹی) وَ لُ (چھوٹی) ہو (لمبی)

---

کوئی زبر والا حرف و سے ملے تو عربی میں اس کی آواز اردو سے مختلف ہوتی ہے:

قَوْلَ سَوْفَ مَوْلٰی

قاؤُلَ ساؤُفَ ماؤُ لا

---

کوئی زبر والا حرف ی سے ملے تو عربی میں اس کی آواز اردو سے مختلف ہوتی ہے:

كَيْفَ اِلَيْهِ عَيْنُ

کائیُ فَ اِلائیُ ہِ عائیُ نُ



Marfat.com

## (iii) الف کی خصوصیات

یہ باتیں آپ پڑھ چکے ہیں۔ ذہن نشین کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر خالی الف سے پہلے زبر والا حرف ہو تو وہ خالی الف سے مل جائے گا۔ اگرچہ الف پر جزم نہیں۔

جَا لَهَا مَالُهٗ

جَا لَ هَا مَا لُ هُو

---

لیکن اگر خالی الف سے اگلے حرف پر جزم ہو تو الف کو خالی مانا جائے گا اور وہ حرف جزم والے حرف سے جا ملے گا۔

فَاصْبِرْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

فَصْ بِرْ وَلْ مَ لا... ءِ كَ تُ

---

وَلَا الْهُدٰى تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

وَ لَلْ هُدٰى تَحْ تِ هَلْ اَنْ هَا رُ



Marfat.com

اگر الف یا ہمزہ کسی اور حرف سے ملیں تو ایک ہی قسم کی آواز پیدا ہوتی ہے :-

اِنْ ءِنْ

اِن اِن

اِسی لئے شروع والے الف کو ہمزہ بھی کہہ دیتے ہیں۔

---

آپ نے پچھلے صفحے پر دیکھا کہ جَا مَا وغیرہ میں الف پر جزم نہیں۔ پھر بھی زبر والا حرف الف سے مِل جاتا ہے۔
لیکن اگر الف پر جزم لگا ہوا ہو تو ہمزہ کی طرح جھٹکے سے پڑھا جائے گا۔ (جھٹکے کا نشان ×)

اِقْرَاْ لَبِئْسَ يَاْمُرُ

اِق × رَا لَ بِ × سَ يَ × مُ رُ

---

جِئْتَ يَاْتِكَ يُؤْمِنُوْنَ

جِ × تَ يَ × تِ كَ يُ × مِ نُوْ نَ



Marfat.com

# (۱۷) خالی حروف

قرآنِ مجید میں خالی حروف کی آواز نہیں نکالی جاتی۔ اِس لئے خالی حروف کو خاص توجہ سے نوٹ کرنے کی ضرورت ہے۔

| | |
|---|---|
| يُؤْمِنُوْنَ<br>يُ × مِ نُوْن | یہاں ہمزہ پر جزم ہے<br>واوٗ خالی ہے۔<br>پس "ی" ہمزہ سے ملے گی۔ |
| هٰٓؤُلَآءِ<br>ھا...ءُ لا...ءِ | یہاں ء پر پیش ہے<br>واوٗ خالی ہے۔<br>اِس لئے صرف ءُ پڑھا جائے گا۔ |

صَلٰوةُ　　صَلَوٰتُ　　زَكٰوةُ

صَ لَا تُ　　صَ لَ وَاتُ　　زَ كَاتُ

خالی حروف کی طرح خالی شوشہ بھی چھوڑ دیا جاتا ہے

اَدْرٰىكَ　　مَاْوٰىهُمْ　　مَثْوٰىهُ

اَدْ رَا كَ　　مَ × وَا هُمْ　　مَثْ وَا هُ



Marfat.com

خالی حروف کے سلسلے میں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ صرف
مندرجہٴ ذیل حروف ہی خالی ہو سکتے ہیں :

ا و ی ل

ذُوالفَضْلِ فِی الْکِتٰبِ یَوْمِ الدِّیْنِ

ذُل (وا خالی) فِل (ی ا خالی) یاؤ مِد (ال خالی)

(۱) کاتب کی بے پروائی : بعض دفعہ کاتب کی بے پروائی سے اعراب بالکل اس حرف کے اوپر نہیں لگتے۔ اس لئے غور کرنا ضروری ہے :-

(۲) لمَنْ : ایسا معلوم ہوتا ہے کہ زیر م کے نیچے ہے حالانکہ زیر ل کے نیچے ہے۔ اگر اسے اس طرح لکھا جاتا تو بہتر تھا : لِمَنْ

(۲) قَالُوْآ اٰمَنَ : معلوم ہوتا ہے کہ مد الف پر ہے حالانکہ مد لُوْ پر ہے۔ پڑھنے والا اسے غلطی سے قَالُوْ آ پڑھ سکتا ہے۔ اسے یوں لکھنا چاہیئے تھا : قَالُوْٓا اٰمَنَ

(۳) تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ

یہ زبر الف پر معلوم ہوتا ہے۔ حالانکہ اِس سے پہلے ھ پر ہے۔ ھ خالی تو نہیں ہو سکتی۔ ھ سیدھی ر سے ملے گی۔ (ا ال خالی)



Marfat.com

# متفرق مشق (۱)

| | |
|---|---|
| لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ○<br>لَا اِ لَا هَ غَا يُ رُ كَ | اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ<br>اَ بَا وَسْ تَكْ بَ رَ |
| تَبَارَكَ اسْمُكَ<br>تَ بَا رَ كَسْ مُ كَ | اَقِيْمُوا الْوَزْنَ<br>اَ قِىْ مُلْ وَزْ نَ |
| يُؤْتِى الْحِكْمَةَ<br>يُؤْ تِلْ حِكْ مَ تَ | اِقْرَاْ بِاسْمِ<br>اِقْ رَ بِسْ مِ |
| عَلَى الْاَرَآئِكِ<br>عَ لَلْ اَ رَا ءِ كِ | بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ○<br>بِ اَصْ حَا بِلْ فِيْلِ |
| عَلَى الْاَفْئِدَةِ ○<br>عَ لَلْ اَفْ ءِ دَهْ | وَتَاْكُلُوْنَ<br>وَ تَاْ كُ لُوْ نَ |



Marfat.com

الٓمّٓ ۚ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ

الف لا...م مى...م ذالِ كلِ كِ تا بُ لا رائى بَ فى هِ

---

اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۝

اَ فَ لا يَن ظُ رُو نَ اِ لَل اِ ب لِ كا ئَ فَ خُ لِ قَت

---

مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ط

ما اَغ نا عَن هُ ما لُ هُو وَ ما كَ سَب

---

يٰسٓ ۚ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝لا

يا سى...ن وَل قُر آ نِل حَ كى م

---

وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝ط

وَ ما... اَد را كَ مَل حُ طَ مَه

---

لَمْ يَلِدْ ۙلا وَلَمْ يُوْلَدْ ۝



Marfat.com

وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ

وَ عَ هِد نَا... اِ لا... اِب رَا هِی مَ

اَلْقَارِعَةُ ۝ لا مَا الْقَارِعَةُ ۝ ج

اَل قَا رِ عَ تُ مَل قَا رِ عَہ

مَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ

مَ لا... ءِ كَ تِ ہِی وَ رُ سُ لِ ہِی وَ جِب رِی لَ وَ مِی كَا لَ

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِىْ زِيْنَتِهٖ ط

فَ خَ رَ جَ عَ لا قَو مِ ہِی فِی زِی نَ تِہ

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ

الف لام را تِل كَ آ يَا تُل كِ تَا بِ

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ ۵



Marfat.com

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۙ

اِ ذَا زُ لۡ زِ لَ تِلۡ اَ رۡ ضُ زِلۡ زَا لَ هَا

فَكُلُوۡا مِنۡهَا حَيۡثُ شِئۡتُمۡ

فَ كُ لُوۡ مِنۡ هَا حَا ئِ ثُ شِئۡ × تُمۡ

مَنۡ اُوۡتِىَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيۡنِهٖ ۙ

مَنۡ اُوۡ تِ ىَ كِ تَا بَ هُوۡ بِ ىَ مِىۡ نِہٖ

تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ط

تَجۡ رِىۡ مِنۡ تَحۡ تِ هَلۡ اَنۡ هَا رُ

سِيۡرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ فَانۡظُرُوۡا

سِىۡ رُوۡ فِلۡ اَرۡ ضِ فَنۡ ظُ رُوۡ

اَلۡيَوۡمَ اَكۡمَلۡتُ لَكُمۡ دِيۡنَكُمۡ



Marfat.com

# چھٹا سبق (تشدید اور تنوین)

۱۔ تشدید: تشدید اُردو میں بھی استعمال ہوتی ہے۔
مثلاً پتّا (درخت کا پتّا)
جس حرف پر تشدید لگتی ہے وہ دو دفعہ بولا جاتا ہے۔
وہ اپنے سے پچھلے حرف سے بھی ملتا ہے اور آگے بھی قائم رہتا ہے۔ پ+ت = پت اور ت الف = تا۔ پتّا پت تا۔

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ | ثُمَّ | كَلَّا |
| اِن ↑ اَنَ | ثُم ↑ مَ | كَل ↑ لا |
| اِلَّا | اَللّٰهُ | لِلّٰهِ |
| اِل ↑ لا | اَل ↑ لاهُ | لِل ↑ لاهِ |
| اُمَّةِ | مُحَمَّدُ | كُلَّهَا |
| اُم ↑ مَتِ | مُ حَم ↑ مَ دُ | كُل ↑ لَ ها |



Marfat.com

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ | اِلَّا اللّٰهُ |
| بس بل لاہ | اِل لل لاہُ |
| اَللّٰهُمَّ | تُكَلِّمُ |
| اَل لاہم م | تُ كل لِ مُ |
| اَلرَّحْمٰنِ | مِنَ الشَّيْطٰنِ |
| ار رَح مانِ | مِ نَش شَئی طانِ |
| يَوْمِ الدِّيْنِ | اِهْدِنَا الصِّرَاطَ |
| یا وُ مِد دِی نِ | اِہ دِ نَص صِ را طَ |
| رَبِّيَ الْعَظِيْمِ | رَبِّ الْعَالَمِيْنَ |
| رَب بِ یَل عَ ظِی مِ | رَب بِل عا لَ می نَ |

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ



Marfat.com

پچھلے صفحوں اور اِن صفحوں پر تشدید والے حروف کے نیچے تیر کا نشان ↑ صرف آپ کی مدد کے لئے لگایا گیا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

اَل↑لاھُم مَ صَل↑لِ عَ لا سائ↑یِ دِ نا

---

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمْ

صَل↑ لَل↑لاہ عَ لائ ہِ وَ سَل↑لَم

---

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ○

اِن↑نا لِل↑لاہِ وَ اِن↑نا اِ لائ ہِ را جِ عُو ن

---

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

لا اِلا ہَ اِل↑ لَل↑لاہُ

---

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ○

لا حاؤ لَ وَ لا قُو↑وَتَ اِل↑لا بِل↑لا ہِ



Marfat.com

نیچے دیئیے ہوئے کلمات و آیات کو غور سے پڑھیں
یہ سب نماز میں بار بار پڑھی جاتی ہیں :-

سُبْحٰنَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ
سُب حَا نَ کَل لاھُم مَ وَ بِ حَم دِ کَ

وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَ تَعَالٰى
وَ تَ بَا رَ کَس مُ کَ وَ تَ عا لا

جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ○
جَد دُ کَ وَ لا اِ لا ہَ غَا ئِ رُ کَ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط
اَ عُو ذُ بِل لا ہِ مِ نَش شَا ئِ طا نِر رَ جِیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
بِس مِل لا ہِر رَح ما نِر رَ حِیم



Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ

اَل حَم دُ لِل لاہِ رَب بِل عال َمِین

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ

ار رَح ما نِر رَحی م مالِ کِ یاؤ مِد دِین

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ

اِی یاکَ نَع بُ دُ وَ اِی یاکَ نَس تَ عِین

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ

اِہ دِ نَص صِ را طَل مُس تَ قی مَ صِ را(آگے)

الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ

طَل لَ ذِی نَ ان عَم تَ عَ لائی ہِم غائی رِل مَغ ضُو بِ

عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ۠

عَ لائی ہِم وَ لَض ضا...ل لِین



Marfat.com

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ؕ ○

اِن نا... اَع طَائ نا کَل کَاؤ ثَر

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ؕ ○

فَ صَل لِ لِ رَب بِ کَ وَن حَر

اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ ؑ ○

اِن نَ شَا نِ ءِ کَ هُ وَل اَب تَر

| | |
|---|---|
| سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ ○ | اَللّٰهُ اَکْبَرُ |
| سُب حَانَ رَب بِ یَل عَ ظِیم | اَل لاہ اَک بَر |

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَہٗ ط رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ ○

سَ مِ عَل لاہُ لِ مَن حَ مِ دَہ رَب بَ نَا لَ کَل حَمد

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ط

سُب حَا نَ رَب بِ یَل اَع لا



Marfat.com

# مشق نمبر ۶ (۱)

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ | حَیٌّ الْقَیُّوْمُ |
| اَل لا ہُص صَ مَدُ | حائی یُل قائی یُوم |

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

ب بِ رَح مَ تِ کَ یا... ا رْحَ مَ را حِ مِین

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ○ لا

اِ ذا جا...ءَ نَص رُل لاہِ وَل فَت حُ

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ○ ط

فَ سَب بِح بِ حَم دِ رَب بِ کَ وَس تَغ فِرہُ

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ○ ط

اَ رَ آئی تَل لَ ذی یُ کَذ ذِ بُ بِد دِین



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ لا

قُلْ اَعُوْذُ بِ رَبْ بِنْ نَا سِ

مَلِكِ النَّاسِ ○ لا اِلٰهِ النَّاسِ ○ لا

مَ لِ كِنْ نَا سِ اِلَا هِنْ نَا سِ

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ○ لا الْخَنَّاسِ ○ لا

مِنْ شَرْ رِلْ وَسْ وَا سِلْ خَنْ نَا (آگے ملاؤ)

الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ لا

سِلْ لَ ذِيْ يُ وَسْ وِسُ فِيْ صُ دُوْ رِنْ نَا سِ

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○ ع

مِ نَلْ جِنْ نَ تِ وَنْ نَا سِ

Marfat.com

# ۲ - تنوین

تنوین کا مطلب ہے: ن کی آواز نکلنا، کسی حرف پر دو زبر، دو زیر یا دو پیش لگنے سے ن کی آواز نکلتی ہے۔ حالانکہ وہاں "ن" نہیں ہوتا۔ ایسے الفاظ اردو میں بھی ہیں؛ فوراً۔ مثلاً

| | | |
|---|---|---|
| نَفْسًا | | حَسَنَةً |
| نَف سَن (الف خالی ہے) | | حَ سَ نَ تَن |
| فَلَكٍ | ظِلٍّ | طَعَامٍ |
| فَ لَ كِن | ظِ لا لِن | طَ عا مِن |
| بَرْقٌ | تُرَابٌ | فِتْنَةٌ |
| بَر قُن | تُ را بُن | فِت نَ تُن |
| خَوْفٍ | نَارًا | مَتَاعٌ |
| خا وُ فِن | نا رَن | مَ تا عُن |



Marfat.com

| | |
|---|---|
| هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ | مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ |
| هُ وَل لاهُ اَحَ دُن | مُ حَم مَ دَن عَب دُ هُو |
| فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ | بُكْمٌ عُمْيٌ |
| فِ ءَ تِن قَ لِي لَ تِن | بُك مُن عُم يُن |
| ثَمَنًا قَلِيْلًا | فِيْ ظُلُمٰتٍ |
| ثَ مَ نَن قَ لِي لَن | فِي ظُ لُ ما تِن |
| يَوْمَئِذٍ | فِئَةً كَثِيْرَةً |
| يَا وْ مَ ءِ ذِن | فِ ءَ تَن كَ ثِي رَ تَن |
| مِثْقَالَ ذَرَّةٍ | فِيْهَا فَاكِهَةٌ |
| مِث قَا لَ ذَر رَ تِن | فِي ها فا كِ هَ تُن |

سَلٰمٌ شُغُلٍ قَوْلًا (الف خالی)



Marfat.com

۴۔ تنوین کے بعد وقفہ : عام قاعدے کے مطابق دو زیر یا دو پیش کو چھوڑ دیتے ہیں :-

سَحَابٍ ○ خَبِيْرٌ ○ طَعَامٍ ط

سَ حَابِ خَ بِیر طَ عَام

دو زبر والی تنوین کے بعد وقفہ کرنا ہو تو ہر حالت میں اس کے ساتھ ایک الف لگے گا۔ خواہ اس کے بعد خالی الف ہو یا خالی ی ہو یا کچھ نہ ہو۔

اَمْرًا ○ هُدًى ○ جَآءً

اَم را هُ دا جا... آ

۳۔ ۃ پر دو نقطے لگا کر ت بنائی گئی ہے تو وقفہ کرتے وقت نقطے اور تنوین اُڑ جائیں گے۔ صرف "ہ" رہ جائے گی۔ ایسی صورت میں دو زبر کے ساتھ الف نہیں لگے گا۔

فِتْنَةٌ ط وَاحِدَةً ○

فِت نَہ وا حِ دَہ



Marfat.com

# مشق نمبر ۶ (ب)

| | | |
|---|---|---|
| مُكَرَّمَةٍ | لَوَّامُ | سَدًّا |
| مُ كَ رْ رَ مَ تِن | لَاوْ وَا مُن | سَد دَن |
| مَرْقُوْمٍ ۝ | مَتَاعٌ ط | اَذًى ۝ |
| مَ قُوْ م | مَ تَا عٌ | اَ ذَا |
| اَمْرًا ؕ | ضِيَاۤءً | مُؤْمِنًا ط |
| اَم رَا | ضِ يَا.... آ | مُ × مِ نَا |
| خَلِيْفَةً ج | جَارِيَةٌ ط | لَذَّةٍ ۝ |
| خَ لِ ى فَـ | جَا رِ يَـ | لَذ ذَه |

وَالْاِشْرَاقِ ۝ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ط

وَل اِش رَاقِ وَط طَائی رَ مَح شُو رَه



Marfat.com

يُعَذِّبُكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ○

يُ عَذْ ذِبُ كُمْ عَ ذَا بَنْ اَلِیْ مَا

اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ط

اَن شَ اَ ھا... آَوْ وَلَ مَرْ رَ ہِ

| | |
|---|---|
| يَوْمَئِذٍ<br>يَاوْمَ ءِ ذِنْ | فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ط ○<br>فَ اُمْ مُ ہُوْ ھَا وِ یَہْ |

مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

مِنْ شَرْ رِ حَا سِ دِنْ اِذَا حَ سَدْ

